تشکر واعتذار

ادارہ ''بینات'' محدث العصر حضرۃ العلامۃ مولانا سید محمد یوسف البنوری الحسینی رحمۃ اللہ علیہ کی یاد میں اپنی ''اشاعت خاص'' قارئین کرام کی خدمت میں پیش کررہا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ہزار ہزار شکر ہے کہ اُس نے اپنے ایک مقبول ومحبوب بندے کے حالات وکمالات کو منصۂ شہود پر لانے کی توفیق وسعادت بخشی۔ جہاں تک حضرت بنوریؒ کے محاسن ومحامد عملی کے احاطے کا تعلق ہے، ادارۂ ''بینات'' کو اپنی تنگ دامانی کا پورا پورا اعتراف ہے۔

دامانِ نگہ تنگ و گل حسن تو بسیار
گلچین بہار تو ز داماں گلہ دارد

جن مخلصین نے اس سلسلے میں قلمے، سخنے، دامے، درمے معاونت فرمائی، ادارہ اُن سب کا بصمیم قلب شکریہ ادا کرتا ہے، بالخصوص حضرۃ المخدوم سید انور حسین نفیس الحسینی ہمارے شکریے کے مستحق ہیں کہ موصوف نے اپنے عزیز شاگردوں سمیت دو ماہ سے زیادہ جامعہ علوم اسلامیہ، بنوری ٹاؤن کراچی میں قیام فرمایا اور اس اشاعت خاص کی ترتیب وکتابت اور طباعت میں ہماری سرپرستی ونگرانی فرمائی۔ جس کے تشکر وامتنان سے ہم قاصر ہیں۔ درحقیقت آپ ہی اس ضخیم اشاعت کے مرتب ہیں۔ حق تعالیٰ شانہ حضرت موصوف کو ان کی اس عنایت وشفقت کا بہترین اجر عطا فرمائے۔

اشاعت خاص کچھ تاخیر سے منظرِ عام پر آرہی ہے جس کی ناگزیر وجوہ میں سب سے بڑی وجہ اس کی غیر معمولی ضخامت ہے۔ امید ہے ہماری معذرت قبول فرمائی جائے گی، اندازہ تھا کہ یہ اشاعت پانسو صفحات کی ہوگی مگر مضامین کی کثرت کی بناپر ضخامت آٹھ سو صفحات سے بھی بڑھ گئی، اس لیے متعدد مضامین کو آئندہ اشاعتوں کے لیے روک لینا پڑا۔ امید ہے مضمون نگار حضرات ہماری مجبوری کو پیشِ نظر رکھ کر درگزر فرمائیں گے۔

وصلی اللہ علی خیر خلقہ صفوۃ البریۃ محمد والہ و أصحابہ واتباعہ اجمعین

واٰخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین